HOP DEV
Housing and Older People Development Group

اقلیت النسل عمررسیدہ افراد کی ہاؤسنگ اور متعلقہ سروسز کے لئے آڈٹ ٹول

ایٹ ہوم

سیاہ فام اور اقلیت النسل گروپوں کے عمررسیدہ افراد ہاؤسنگ سے متعلق کیسے اپنے خیالات کا اظہار کرسکتے ہیں

- کیا آپ سیاہ فام اوراقلیت النسل گروپ سے تعلق رکھنے والے ایک عمررسیدہ فرد ہیں؟
- آپ کا گھرکیسا ہے؟
- کیا آپ کو اپنی رہائش گاہ پسند ہے؟
- کیا آپ اپنے گھریا اپنی رہائش گاہ سے متعلق بعض چیزوں میں تبدیلی لانا چاہیں گے؟
- کیا آپ کوآپ کے موجودہ گھرمیں رہائش کے لئے مدد درکارہے لیکن آپ کو یقینی طور پر نہیں معلوم کہ اس مدد میں کیا شامل ہے؟
- کیا آپ کسی اورجگہ منتقل ہونا چاہیں گے لیکن آپ کو نہیں معلوم کہ کون سے انتخابات دستیاب ہیں؟
- کیا آپ کو اپنی زبان، ثقافت یا نسلی تعلق کی بنا پرخصوصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

ان سوالات کے جوابات سے مقامی اداروں کو آپ کی ضروریات کے مطابق ہاؤسنگ اورمددگار سروسز کی فراہمی کو یقینی بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔

اسے عمدہ طریقے سے سرانجام دینے کے لئے انہیں عمررسیدہ افراد اورمقامی علاقوں میں عمررسیدہ افراد کی نمائندگی کرنے والے گروپوں سے بات چیت کی ضرورت ہے۔ اس کا مطلب آپ سے گفتگو اور مندرج بالا سوالات کی طرز کے سوالات پوچھنا ہے۔

آپ اورمقامی طور پر سروسز فراہم کرنے والے اداروں کی مدد کے لئے، ہاؤسنگ اور عمررسیدہ افراد کے ترقیاتی گروپ (HOPDEV) نے سیلفورڈ یونیورسٹی کے ساتھ مل کر ایک 'آڈٹ ٹول' تشکیل دیا ہے جو ایٹ ہوم کہلاتا ہے۔

ایٹ ہوم کے کئی مختلف حصے ہیں۔ پہلا ہاؤسنگ اور ہاؤسنگ مددگار سروسز سے متعلق آپ کی آراء اور تجربات اور آپ کی پسند کی تبدیلی جاننے پر مشتمل ہے۔ دیگر حصے ان معاملات پر غور کرتے ہیں جیسا کہ فی الوقت مقامی سطح پر کیا سروسز فراہم کی جاتی ہیں اور ان سروسز کے متعلق معلومات اور رسائی کیا ہے۔

ان میں سے کسی یا تمام حصوں کی تکمیل کرنے والے ادارے پھر تبدیلی کے لئے عملی منصوبہ ترتیب دیں گے۔ اگر آپ ان میں سے کسی سوالات کا جواب دینے میں شامل رہے ہوں تو آپ سے اسی طرح آئندہ مراحل میں بھی شمولیت کی درخواست کی جاسکتی ہے۔

اگر آپ آڈٹ ٹول ملاحظہ کرنا چاہیں تو آپ ویب سائٹ http://hopdev.housingcare.org سے اس کا انگریزی ورژن ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کو اس میں دلچسپی محسوس ہو اور آپ پہلے ہی کسی ایسے مقامی ادارے سے رابطہ میں ہوں جو ہاؤسنگ اور ہاؤسنگ مدد کی فراہمی یا اس میں مالی معاونت کرتا ہے تو آپ ان سے ایٹ ہوم کے استعمال کی درخواست کرسکتے ہیں۔

ہمیں توقع ہے کہ سیاہ فام اور اقلیت النسل گروپ کے عمر رسیدہ فرد کی حیثیت سے ایٹ ہوم کا استعمال آپ کو اپنی ہاؤسنگ اور ہاؤسنگ میں مدد کے متعلق ضروریات اور خواہشات سے ہمیں آگاہ کرنے کے سلسلے میں مددگار ثابت ہوگا اور آپ کو فراہم کی جانے والی مقامی ہاؤسنگ و مددگار سروسز کے طریقے میں تبدیلیوں کی صورت میں ظاہر ہوگا۔